# STANDARD CHARTERED BANK (PAKISTAN) LIMITED

standard chartered

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 19th Annual General Meeting ('AGM') of the shareholders of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited ("Bank") will be held on Thursday, 27 March 2025 at 12:00 noon. at the ICAP Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi and through video conferencing to transact the following business:

### A. ORDINARY BUSINESS

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts of the Bank for the year ended 31 December 2024, along with the Directors' and Auditors' Reports thereon.

   In accordance with Section 223(6) of the Companies Act 2017 ("the Act"), and pursuant to the SECP SRO 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the Financial Statements of the Bank can be accessed through the following weblink and/or QR enabled code:

   https://www.sc.com/pk/help/financials/

2. To consider the appointment of external auditors namely M/s EY Ford Rhodes, Chartered Accountants (who being eligible, have offered themselves for reappointment), as Statutory Auditors of the Bank for the year 2025. The Board also seeks authority for the Board Audit Committee to negotiate and agree upon Auditors' remuneration subject to concurrence of the Board in the subsequent meeting.
3. To consider and approve final cash dividend @ 55% (i.e. Rs. 5.5 per share of Rs. 10/- each) for the year ended 31 December 2024 as recommended by the Board of Directors. This is in addition to cumulative interim cash dividend of 35% already paid for the year 2024. This will be payable to the members whose names appear in the register of the members as on Monday, 17 March 2025.

### B. SPECIAL BUSINESS

4. To consider and approve the revised Directors' Remuneration Policy, as approved by the Board of Directors of the Bank, on post facto basis.

### C. OTHER BUSINESS

5. To transact any other business as may be placed before the meeting with the permission of the Chair.

By Order of the Board

**Asif Iqbal Alam**
Company Secretary
Karachi: 6 March 2025

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ ("بینک") کے شیئر ہولڈرز کا انیسواں سالانہ اجلاس عام 27 مارچ 2025ء بروز جمعرات، دوپہر 12:00 بجے، انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی میں اور بذریعہ ویڈیو کانفرنس درج ذیل کارروائی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

### (الف) عمومی کارروائی

1- 31 دسمبر 2024ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے بینک کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور اور ان کی توثیق۔

کمپنیز ایکٹ 2017 (''ایکٹ'') کے سیکشن (6)223 اور SECP S.R.O. 389(1)/2023، مورخہ 21 مارچ 2023ء کے مطابق، بینک کے مالیاتی گوشوارے درج ذیل ویب لنک اور/ یا QR کوڈ کے ذریعے حاصل کئے جا سکتے ہیں:

https://www.sc.com/pk/help/financials/

2- میسرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (جنہوں نے اہل ہونے کے سبب پھر سے تقرری کی درخواست کی ہے) کی 2025ء کے لئے بطور اسٹیچوٹری آڈیٹرز تقرری اور ان کے معاوضے کے تعین کے لئے بورڈ آڈٹ کمیٹی کو بات چیت اور فیصلہ کرنے کا اختیار دینا جو آئندہ بورڈ میٹنگ میں بورڈ کی رضامندی سے مشروط ہوگا۔

3- 31 دسمبر 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ 55% (یعنی 5.5 روپے فی حصص) نقد منافع کی ادائیگی پر غور اور منظور کرنا۔ جو سال 2024ء کے لئے ادا کئے جانے والے 35% مجموعی عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے۔ یہ ان ممبران کو قابل ادائیگی ہوگا جن کے نام ممبران کے رجسٹر میں 17 مارچ 2025ء بروز پیر تک موجود ہوں گے۔

### (ب) خصوصی کارروائی

4- بینک کے ڈائریکٹرز کے معاوضے کی نظر ثانی شدہ پالیسی پر غور کرنا اور اسے پوسٹ فیکٹو بنیادوں پر منظور کرنا جسے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا ہے۔

### (ج) دیگر کارروائی

5- چیئرپرسن کی اجازت سے کوئی اور کارروائی عمل میں لانا۔

بحکم بورڈ

**آصف اقبال عالم**
کمپنی سیکریٹری
کراچی: 6 مارچ 2025ء

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

**Notes**:

1. The Share Transfer Books of the Bank will remain closed from Tuesday, 18 March 2025 to Thursday, 27 March 2025 (both days inclusive). Transfer received at the Share Registrar by the close of business on Monday, 17 March 2025 will be treated in time.

2. Only those persons whose names appear in the Register of Members of the Bank as of Monday, 17 March 2025 will be entitled to attend/participate in/vote at the AGM and be entitled to receive above stated cash dividend.

3. A member entitled to attend and vote at the above meeting is entitled to appoint another member as his/her proxy to attend and vote instead of him/her. Proxies, in order to be valid, must be received by the Bank at its registered office address i.e. **Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited, P.O. Box No. 5556, I. I. Chundrigar Road, Karachi** marked for the attention of Company Secretary office, not less than 48 hours before the time for holding the meeting and must be duly stamped, signed and witnessed. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy.

4. **A. For Attending the Meeting:**
   - i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his/her identity through his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Meeting.
   - ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the Meeting.

   **B. For Appointing Proxies:**
   - i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
   - ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   - iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   - iv) The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the Meeting.
   - v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted along with the proxy form to the Bank.

**نوٹس:**

1- بینک کی حصص کی منتقلی کی کتابیں 18 مارچ 2025 ء بروز منگل سے 27 مارچ 2025 ء بروز جمعرات تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ 17 مارچ 2025 ء بروز پیر کو کاروبار کے اختتام تک رجسٹرار کو موصول ہونے والے ٹرانسفرز بروقت تصور کئے جائیں گے۔

2- صرف وہ ممبران جن کے نام 17 مارچ 2025 ء بروز پیر بینک کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے، وہی اس سالانہ اجلاس میں شرکت کرنے، ووٹ دینے اور مذکورہ کیش ڈیویڈنڈ لینے کے اہل ہوں گے۔

3- ایک ممبر جو اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو بطور نمائندہ اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے، ووٹ ڈالنے کے لئے مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کے لئے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس **اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ، پی او باکس نمبر 5556، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی** میں بنام کمپنی سیکریٹری اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مکمل طور پر اسٹیمپ شدہ، دستخط شدہ اور شواہد کے ساتھ وصول ہو جائیں۔ ایک ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا مختار نہیں ہوگا۔

4- **(الف) اجلاس میں شرکت کے لئے:**
   - i- افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کے لئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھانا لازمی ہوگا۔
   - ii- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، نامزد کرنے والے کے دستخط کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوگا۔

   **(ب) پراکسیز کی نامزدگی کے لئے:**
   - i- افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، انہیں اپنا پراکسی فارم درج بالا قواعد کے مطابق پُر کر کے پیش کرنا ہوگا۔
   - ii- پراکسی فارم کا دو افراد سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہے، جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج ہوں۔
   - iii- پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی اور اصل مالک کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرنا ہوگی۔
   - iv- پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھانا ہوگا۔
   - v- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، نامزد کرنے والے کے دستخط کے ہمراہ پراکسی فارم کے ساتھ بینک میں جمع کروانا ہوگا۔

5. **Participation in AGM through online platform/ facility**

Arrangements have also been made by the Bank to facilitate the participation of the shareholders in the AGM through online platform/facility, either in-person or through appointed proxies. For attending the meeting virtually, shareholders are requested to get themselves registered with the Company Secretary Office, at least 24 hours before the time of AGM (i.e. before 12:00 p.m. on 26 March 2025) by providing following details at cosec.pk@sc.com.

| Folio/CDC Account No. | Name of Shareholders | CNIC No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

Upon receipt of the above information from interested shareholders, the Bank will send the login details at their email addresses. On the AGM Day, shareholders will be able to login and participate in the AGM proceedings through their smartphones or computer devices. Login facility will be opened 15 minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting, after identification and verification process.

6. **Polling On Special Business**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations 2018, for the purpose of approval of any special businesses at the general meeting, members will be allowed to exercise their vote through postal ballot or e-voting.

**Procedure for E-Voting:**

i) Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Bank who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Bank by the close of business on Monday, 17 March 2025.

ii) The web address, login details, and password, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to the members through SMS from the web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).

iii) Identity of the Members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

iv) Members shall cast vote online at any time from Monday, 24 March 2025 (9:00 am) to Wednesday, 26 March 2025 (5:00 pm). Once the vote on the resolution is cast by a Member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

**Procedure for Voting through Postal Ballot:**

i) The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with a copy of the CNIC / NICOP/ Passport should reach the Chairman of the meeting through the post at the Bank's registered address, Company Secretary Office, First Floor, Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited, P.O. Box No. 5556, I. I. Chundrigar Road, Karachi, or email at cosec.pk@sc.com latest by 26

-5 **سالانہ اجلاس عام میں آن لائن پلیٹ فارم / سہولت کے ذریعے شرکت:**

بینک کی جانب سے سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی بذریعہ آن لائن پلیٹ فارم شرکت (خواہ ذاتی طور پر ہو یا مقرر کردہ پراکسیز کے ذریعے) کے لئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری آفس سے سالانہ اجلاس عام کے مقررہ وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل (یعنی 26 مارچ 2025ء دوپہر 12:00 بجے سے قبل) درج ذیل تفصیلات کے ساتھ cosec.pk@sc.com پر رجسٹریشن کروائیں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈرز کے نام | سی این آئی سی نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے مندرجہ بالا معلومات کی وصولی پر، بینک لاگ اِن کی تفصیلات ان کے ای میل پتوں پر بھیجے گا۔ اجلاس عام کے دن شیئر ہولڈرز اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے لاگ اِن کر کے اجلاس عام کی کارروائی میں حصہ لے سکیں گے۔ اجلاس کے آغاز سے 15 منٹ قبل لاگ اِن کی سہولت حاصل ہو جائے گی تا کہ شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد شرکاء اجلاس میں شامل ہو سکیں۔

-6 **خصوصی کارروائی پر پولنگ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، اجلاس عام میں کسی خصوصی کارروائی کی منظوری کے لئے، ممبران کو پوسٹل بیلٹ یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

**ای ووٹنگ کا طریقہ کار:**

-i ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات بینک کے ان اراکین کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے درست سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 17 مارچ 2025ء بروز پیر کو کاروبار کے اختتام تک بینک کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

-ii ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ سے ای میل کے ذریعے ممبران کو مطلع کیا جائے گا۔ اراکین کو سیکیورٹی کوڈز کی اطلاع سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے دی جائے گی۔

-iii ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے ممبران کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لئے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

-iv ممبران 24 مارچ 2025ء بروز پیر (صبح 09:00 بجے) سے 26 مارچ 2025ء بروز بدھ (شام 05:00 بجے) تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ دے سکیں گے۔ کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ایک بار ووٹ دینے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:**

-i ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ درست طریقے سے پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمع سی این آئی سی/ NICOP / پاسپورٹ کی ایک کاپی کے ساتھ 26 مارچ 2025ء بروز بدھ تک اجلاس کے چیئرمین کے نام بذریعہ ڈاک بینک کے آفس کے رجسٹرڈ پتے، کمپنی سیکریٹری آفس، فرسٹ فلور، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ، پی او باکس نمبر 5556، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، یا بذریعہ ای میل cosec.pk@sc.com پر موصول ہو جائیں۔

March 2025, during working hours. The signature on the Ballot Paper shall match with signature on the CNIC / NICOP/ Passport. The Postal Ballot Paper is annexed to this notice or published in newspapers or annual report and also available at the Bank's website, i.e., https://www.sc.com/pk/about-us/notices/ .

**7.** Members having physical shareholding are requested to notify change in their address, if any, to the Bank's Share Registrars, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block B, SMCHS, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74400, Toll Free: 0800-CDCPL (23275), Fax: (021) 34326053, Email: info@cdcsrsl.com. Whereas, CDC account holders are requested to please contact their respective CDC Participant/Broker/Investor Account Service.

**8.** Members may inspect the minutes of the AGM held on Thursday, 28 March 2024, in terms of Section 52 of the Companies Act, 2017, at the Bank's registered address.

**9.** In terms of Section 223 (7) of the Companies Act 2017, the Annual Report for the year ended 2024 has been placed on the Bank's website.

**10. E-Dividend Requirements**: In accordance with the Companies (Distribution of Dividend) Regulation 2017, shareholders are advised to provide their Identification Number/CNIC Number and International Bank Account Number (IBAN) details, if they have not already done so, to our Share Registrar (if shares are held in physical form) at their above referred office address or to the respective Participants/Broker (if shares are held through CDS Account) latest by Monday, 17 March 2025. Failing which may result in withholding of dividend payments of respective shareholders.

**11. Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form:** In reference to Section 72(2) of the Companies Act, 2017, all shareholders holding physical shares are requested to get converted their shares into book entry form at the earliest. This would facilitate shareholders in many ways including safe custody of shares, avoidance of formalities required for issuance of duplicate shares, etc. For the conversion of physical shares into book entry form, the shareholders may contact their Brokers, CDC Participants or CDC Investor Account Service.

**12. Tax Requirements:** The dividend income on shares is liable to deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001; 'Filer' and 'Non-Filer' shareholders will pay tax on dividend income @ 15% and 30% respectively. The Filer status of shareholders will only be determined on the basis of latest available Active Taxpayers List (ATL) uploaded by the Federal Board of Revenue (FBR) on their website http://www.fbr.gov.pk/.

In case a Folio/CDS Account is jointly held, each joint-holder will be treated separately as Filer or Non-Filer and tax will be deducted on the gross dividend

بیلٹ پیپر پر موجود دستخط سی این آئی سی/ NICOP/ پاسپورٹ کے دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔ پوسٹل بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے یا اخبارات/ سالانہ رپورٹ میں شائع ہوا ہے اور بینک کی ویب سائٹ https://www.sc.com/pk/about-us/notices/ پر بھی دستیاب ہے۔

7- فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر بینک کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی–74400، ٹول فری نمبر: 0800–CDCPL(23275)، فیکس 34326053(021)، ای میل: info@cdcsrsl.com کو مطلع کریں۔ جبکہ، سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنی معلومات میں تبدیلی کے لئے اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپینٹ/ بروکر/ انویسٹر اکاؤنٹ سروس سے رابطہ کریں۔

8- کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 52 کے مطابق ممبران بینک کے رجسٹرڈ ایڈریس پر 28 مارچ 2024ء بروز جمعرات کو ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی روداد کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

9- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (7)223 کے تحت سال مختتمہ 2024ء کی سالانہ رپورٹ بینک کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کر دی گئی ہے۔

**10- ای-ڈیویڈنڈ کی ضروریات**

کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کی ہدایات کے تحت شیئر ہولڈرز اپنے شناختی نمبر/ سی این آئی سی نمبر اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) کی تفصیلات فراہم کریں۔ اگر انہوں نے تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں تو ہمارے شیئر رجسٹرار کو (اگر شیئرز فزیکل شکل میں رکھے گئے ہیں) مذکورہ آفس ایڈریس، یا متعلقہ پارٹیسپنٹ / بروکر کو (اگر شیئر سی ڈی ایس اکاؤنٹ میں رکھے گئے ہیں) 17 مارچ 2025ء بروز پیر تک فراہم کر دیں۔ ناکامی کی صورت میں متعلقہ شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی جائے گی۔

**11- فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2) 72 کے تحت تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے بُک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ بُک انٹری فارم میں شیئرز کو رکھنے کے بہت سے فوائد ہیں جن میں سی ڈی سی کے ساتھ شیئرز کی محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ شیئرز کے اجراء کے لئے درکار شرائط سے نجات وغیرہ۔ فزیکل شیئرز کو بُک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لئے شیئر ہولڈرز اپنے بروکرز، سی ڈی سی پارٹیسپنٹس یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**12- ٹیکس معاملات**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق ڈیویڈنڈ آمدن پر 'فائلر' ممبران کے لئے ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح 15% جبکہ 'نان فائلر' کے لئے 30% فیصد ہے۔ شیئر ہولڈر کے فائلر ہونے کا تعین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ (https://www.fbr.gov.pk/) پر جاری کردہ آخری ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

amount determined by bifurcating the shareholding of each joint-holder on equal proportions, except where shareholding proportion of joint-holders is pre-defined as per the records of Bank's Share Registrar and thus tax rates will be applied in line with respective proportions. Those shareholders, who are holding shares jointly, are requested to update/notify the shareholding proportions of principal and joint-holder(s) in writing to our Share Registrar latest by Monday, 17 March 2025 at their above referred office address.

In this regard, all shareholders, whose names are not entered into the ATL despite the fact that they are filers, are advised to make sure that: (i) Their names appear into the ATL before start of closed period (referred above), otherwise they will be treated as non-filers for tax deduction purpose, and (ii) A copy of their National Tax Number is submitted to their relevant Participant/CDC Investor Account Services or to our Share Registrar (in case of physical shareholding only) at their above referred office address.

In case any corporate shareholder wishes to claim special tax rates or withholding tax exemption on dividend income, a copy of valid special tax rate certificate or tax exemption certificate, as the case may be, must be provided to our Share Registrar at their above-mentioned address latest by Monday, 17 March 2025.

13. **Statutory Code of Conduct of AGM:** Section 215 of the Companies Act, 2017 and Regulation 55 of the Companies Regulations, 2024, state the Code of Conduct of Shareholders, as follows:

Shareholders are not permitted to exert influence or approach the management directly for decisions which may lead to creation of hurdles in the smooth functioning of management. The law states that Shareholders shall not bring material that may cause threat to participants or premises where the AGM is being held, confine themselves to the agenda items covered in the notice of the AGM and shall not conduct themselves in a manner to disclose any political affiliation. Additionally, the Company is not permitted to distribute gifts in any form to its shareholders in its meetings as per Section 185 of Companies Act, 2017.

**14. STATEMENT(S) OF MATERIAL FACTS PURSUANT TO SECTION 134 (3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

**14.1 Agenda Item No. 4 of the notice:**

Pursuant to Corporate Governance Regulatory Framework issued by the State Bank of Pakistan vide its BPRD Circular No. 5 of 2021, the Bank's Directors' Remuneration Policy ('the policy') was approved by the shareholders in 2020. The Board of the Bank approved and recommended the revised policy in December 2024 mainly to align the meeting fee for independent directors and non-executive directors (other than group appointees) with the market.

کسی فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ کی مشترکہ ملکیت کی صورت میں ہر مشترکہ ہولڈر کو بطور فائلر یا نان فائلر علیحدہ تصور کیا جائے گا اور ٹیکس کی کٹوتی ڈیویڈنڈ کی مجموعی رقم پر کی جائے گی جو کہ ممبران میں شیئر ہولڈنگ کے تناسب کو مساوی تقسیم کر کے کی جائے گی ماسوائے اس کے کہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی تفصیل پہلے ہی بینک کے شیئر رجسٹرار کے ریکارڈ میں موجود ہو، ایسی صورت میں ٹیکس کی شرح اسی تناسب سے لاگو کی جائے گی۔ لہٰذا ایسے مشترکہ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی شیئر ہولڈنگ کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ بالا پتہ پر 17 مارچ 2025ء بروز پیر تک فراہم کر دیں۔

اس سلسلے میں وہ ممبران جن کے نام فائلرز ہونے کے باوجود ATL میں شامل نہیں، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ: (i) ان کے نام مدت اختتام (مذکورہ بالا) سے قبل ATL میں موجود ہوں، بصورت دیگر ٹیکس کی کٹوتی کے لئے انہیں نان فائلر سمجھا جائے گا، اور (ii) اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی ایک کاپی اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹ/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا شیئر رجسٹرار (صرف فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کو مذکورہ بالا پتے پر جمع کروائیں۔

وہ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جو خصوصی ٹیکس ریٹ یا ڈیویڈنڈ آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنا چاہتے ہیں، انہیں چاہیے کہ اپنے فعال خصوصی ٹیکس ریٹ سرٹیفکیٹ یا ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی کاپی 17 مارچ 2025ء بروز پیر تک بینک کے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا پتے پر فراہم کریں۔

**-13 سالانہ اجلاس عام میں درکار قانونی ضابطہ اخلاق**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 215 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024ء کے ریگولیشن 55 کے مطابق شیئر ہولڈرز کے لئے ضابطہ اخلاق بیان کرتے ہیں، جو درج ذیل ہے:

شیئر ہولڈرز کو اجازت نہیں ہے کہ وہ ایسے فیصلوں کے لئے جو مینجمنٹ کے کام پر اثر انداز ہو سکتے ہوں، مینجمنٹ پر دباؤ ڈالیں یا براہِ راست رسائی حاصل کریں۔ قانون کے تحت شیئر ہولڈرز اپنے ساتھ ایسا مواد نہیں لائیں گے جو شرکاء یا اس جگہ جہاں سالانہ اجلاس عام منعقد ہو رہا ہے، کے لئے خطرے کا باعث ہو، خود کو سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں احاطہ کئے گئے ایجنڈا کے نکات تک ہی محدود رکھیں گے اور اس انداز سے کردار ادا نہیں کریں گے جس سے ان کی سیاسی وابستگی ظاہر ہو۔ مزید یہ کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 کے مطابق کمپنی کو اجازت نہیں ہے کہ وہ کسی بھی صورت میں شیئر ہولڈرز میں تحائف تقسیم کرے۔

**-14 کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے مطابق مادی حقائق کا بیان**

**-14.1 نوٹس کا ایجنڈا آئٹم نمبر 4:**

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک کے تحت، جو کہ 2021 کے BPRD سرکلر نمبر 5 کے ذریعے جاری ہوا، بینک کے ڈائریکٹرز کے معاوضے کی پالیسی ('پالیسی') کو شیئر ہولڈرز نے 2020ء میں منظور کیا تھا۔ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے دسمبر 2024ء میں نظر ثانی شدہ پالیسی کی منظوری دی اور سفارش کی کہ خود مختار ڈائریکٹرز اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (گروپ کی تقرریوں کے علاوہ) کے لئے میٹنگ فیس کو مارکیٹ سے ہم آہنگ کیا جائے۔ میٹنگ کی فیس پر نظر ثانی کا خلاصہ ذیل میں دیا گیا ہے:

Summary of revisions to the meeting fees in the policy are set out below:

- Eligible directors will be paid per meeting fee of PKR 800,000 (previously PKR 650,000) and PKR 800,000 (previously PKR 550,000) for attending meetings of the Board and Board Committees respectively.
- If an eligible director is appointed as Chairperson of the Board, he/ she will be paid per meeting fee of PKR 960,000 (previously PKR 750,000/-) for attending meeting of the Board.
- An eligible director who is also a Chairperson of any Board Committee, he/ she will be paid per meeting fee of PKR 960,000 (previously PKR 650,000) for attending a meeting of such Board Committee.

Three Independent Directors are interested in the Special Business to the extent of the remuneration in accordance with the revised policy.

In this regard, following ordinary resolution(s), with/without modification, shall be passed by the members on the day of general meeting:

***"RESOLVED THAT** the revised Directors' Remuneration Policy as approved and recommended by the Board of Directors of the Bank be and is hereby confirmed and approved on post facto basis."*

- اہل ڈائریکٹرز کو بورڈ اوراس کی کمیٹیز کے اجلاسوں میں شرکت کے لئے بالترتیب 800,000 روپے ( گزشتہ 650,000 روپے ) اور 800,000 روپے ( گزشتہ 550,000 روپے ) بطور میٹنگ فیس ادا کئے جائیں گے۔
- اگر کسی اہل ڈائریکٹر کو بورڈ کا چیئر پرسن مقرر کیا جاتا ہے، تو اسے بورڈ کے اجلاس میں شرکت کے لئے 960,000 روپے ( گزشتہ 750,000 روپے ) بطور میٹنگ فیس ادا کئے جائیں گے۔
- اگر کوئی اہل ڈائریکٹر کسی بورڈ کمیٹی کا چیئر پرسن بھی ہو، تو اسے بورڈ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کے لئے 960,000 روپے ( گزشتہ 650,000 روپے ) بطور میٹنگ فیس ادا کئے جائیں گے۔

تین خود مختار ڈائریکٹرز نظر ثانی شدہ پالیسی کے مطابق معاوضے کی حد تک خصوصی امور کار میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

اس سلسلے میں درج ذیل عام قرارداد ( قراردادوں ) کو ترمیم کے ساتھ / بغیر کسی ترمیم کے اراکین کی طرف سے عام اجلاس کے دن منظور کیا جائے گا:

”**قرار پایا کہ** ڈائریکٹرز کے معاوضے کی نظرِ ثانی شدہ پالیسی، جو کہ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور شدہ اور تجویز کردہ ہے، اس کی تصدیق اور منظوری بذریعہ ہذا اور بعد از اں کی بنیادوں پر کی جاتی ہے“۔

# Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited ("SCBPL")
## Ballot Paper For Voting Through Post

For poll at the Annual General Meeting to be held on Thursday, 27 March 2025, at 12:00 noon. at ICAP Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi.

Designated email address of the Chairman at which the duly filled in ballot paper may be sent: cosec.pk@sc.com

| | |
|---|---|
| Folio / CDC Account # | |
| Name of Shareholders / Joint Shareholders / Proxy Holder | |
| Registered Address | |
| Number of shares held | |
| CNIC / NICOP/ Passport No. *(copy to be attached)* | |
| **Additional Information and enclosures** *(In case of Body Corporate, Corporation and Federal Government)* | |
| Name of Authorized Signatory: | |
| CNIC / NICOP/ Passport No. *(copy to be attached)* | |

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the following ordinary resolution(s) through postal ballot by giving my/our assent or dissent to the following ordinary resolution(s) by placing tick (✓) mark in the appropriate box below:

| **Ordinary Resolution(s)** |
|---|
| **AGENDA ITEM 4:**<br>**To consider and approve the revised Directors' Remuneration Policy, as approved by the Board of Directors of the Bank, on post facto basis.**<br>**"RESOLVED THAT** the revised Directors' Remuneration Policy as approved and recommended by the Board of Directors of the Bank be and is hereby confirmed and approved on post facto basis." |

| **Instructions For Poll** | | |
|---|---|---|
| 1. Please indicate your vote by ticking (✓) the relevant box. | | |
| 2. In case if both the boxes are marked as (✓), your poll shall be treated as **"Rejected"**. | | |
| I/we hereby exercise my/our votes in respect of the above ordinary resolution through ballot by conveying my/our favour or against to the resolution by placing tick (✓) mark in the appropriate box below: | | |
| **Resolution** | **In favor of the Resolution** | **Against the Resolution** |
| **Agenda Item 4** | | |

**Notes**:
1. Duly filled and signed ballot paper, along with a copy of the Computerized National Identity Card (CNIC)/ NICOP/ Passport, should reach the Chairman of the meeting through the post at the Bank's registered address, **Company Secretary Office, First Floor, Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited, P.O. Box No. 5556, I. I. Chundrigar Road, Karachi**, or email at **cosec.pk@sc.com.**
2. Postal Ballot Form should reach Chairman of the meeting on or before Wednesday, 26 March 2025 during working hours. Any Postal Ballot received after this date, will not be considered for voting.
3. Signature on postal ballot paper should match with signature registered on CNIC / NICOP/ Passport.
4. In case of Body Corporate, Corporation and Federal Government, certified copy of Board resolution/ Power of attorney along with valid copies of CNIC / NICOP/ Passport of authorised signatory(ies) will be required.
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written Ballot Paper will be rejected.
6. The shareholders may use this form or download the **Postal Ballot Form** from the Bank's website (https://www.sc.com/pk/about-us/notices/) or use the original / photocopy as published in newspaper/ annual report.

________________________________________      __________________

**Shareholder / Proxy Holder Signature/ Authorized Signatory**      **Date**

(*in case of corporate entity, please affix company stamp*)

# اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ ("SCBPL")

## بذریعہ ڈاک ووٹنگ کیلئے بیلٹ پیپر

برائے سالانہ اجلاس عام میں رائے شماری مورخہ 27 مارچ 2025ء بروز جمعرات، دوپہر 12:00 بجے، بمقام انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن، کراچی۔

درست طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر چیئرمین کے وقف شدہ ای میل ایڈریس: cosec.pk@sc.com پر بھیجا جاسکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/ جوائنٹ شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| ملکیتی حصص کی تعداد | |
| سی این آئی سی /NICOP/ پاسپورٹ ( کاپی منسلک کی جائے گی ) | |
| **اضافی معلومات اور منسلکہ دستاویزات ( کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کی صورت میں )** | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| مجاز دستخط کنندہ کا سی این آئی سی /NICOP/ پاسپورٹ ( کاپی منسلک کی جائے گی ) | |

میں/ ہم بذریعہ ہٰذا مندرجہ ذیل عمومی قرارداد (قراردادوں) کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں (✓) کا نشان لگا کر قرارداد پر میری/ ہماری رضامندی یا اختلاف ظاہر کرتا ہوں/ کرتے ہیں:

| **عمومی قرارداد (قراردادیں):** |
|---|
| **ایجنڈا آئٹم نمبر 4**<br>**بینک کے ڈائریکٹرز کے معاوضے کی نظرثانی شدہ پالیسی پر غور کرنا اور اسے پوسٹ فیکٹو بنیادوں پر منظور کرنا جسے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منظور کیا ہے۔**<br>"قرار پایا کہ ڈائریکٹرز کے معاوضے کی نظرِ ثانی شدہ پالیسی، جو کہ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور شدہ اور تجویز کردہ ہے، اس کی تصدیق اور منظوری بذریعہ ہٰذا اور بعد از اں کی بنیاد پر کی جاتی ہے"۔ |

| **پول کیلئے ہدایات** |
|---|
| 1۔ برائے مہربانی متعلقہ باکس پر (✓) کا نشان لگا کر اپنے ووٹ کی نشاندہی کریں۔ |
| 2۔ اگر دونوں باکسز پر (✓) کا نشان لگایا گیا تو آپ کے پول کو "مسترد" سمجھا جائے گا۔ |

میں/ ہم بذریعہ ہٰذا مندرجہ بالا قرارداد کے سلسلے میں بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرتا ہوں/ کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر قرارداد پر میری/ ہماری رضامندی یا اختلاف ظاہر کرتا ہوں/ کرتے ہیں؛

| **قرارداد** | **قرارداد کے حق میں** | **قرارداد کی مخالفت میں** |
|---|---|---|
| **ایجنڈا آئٹم نمبر 4:** | | |

**نوٹس:**

1۔ باضابطہ پُر شدہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر سی این آئی سی /NICOP/ پاسپورٹ کی نقل کے ساتھ اجلاس کے چیئرمین کو بذریعہ ڈاک بینک کے رجسٹرڈ پتے، **کمپنی سیکریٹری آفس، پہلی منزل، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ، پی او باکس نمبر 5556، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی** پر بھیجا جائے گا یا cosec.pk@sc.com پر ای میل کیا جائے گا۔

2۔ پوسٹل بیلٹ فارم 26 مارچ 2025، بروز بدھ تک یا اس سے پہلے کاروباری اوقات میں چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیے۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی بیلٹ پیپر کو ووٹنگ کا حصہ نہیں سمجھا جائے گا۔

3۔ بیلیٹ پیپر پر دستخط سی این آئی سی /NICOP/ **پاسپورٹ** پر دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

4۔ باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کی صورت میں بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور مجاز دستخط کنندہ (کنندگان) کے مؤثر سی این آئی سی /NICOP/ پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول درکار ہوں گی۔

5۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ شدہ، پھٹا ہوا، ترمیم شدہ، اضافی تحریر والا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

6۔ شیئر ہولڈرز یہ پوسٹل پیپر فارم استعمال کر سکتے ہیں یا یہی فارم کمپنی کی ویب سائٹ (https://www.sc.com/pk/about-us/notices/) سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات/ سالانہ رپورٹ میں شائع ہونے والی اصل/ فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

_______________

**شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کے دستخط/ مجاز دستخط کنندہ**

( کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، برائے مہربانی کمپنی کی مہر چسپاں کریں)

**تاریخ** _______________

**FORM OF PROXY**
**19TH ANNUAL GENERAL MEETING**
**STANDARD CHARTERED BANK (PAKISTAN) LIMITED**

I/We ………………………………………………….. of …………………… being member(s) of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited holding ………………… Ordinary shares hereby appoint …………………………………………………………….. of ………………………………...………… or failing him/her ……………………………………………………………. of ……..…………………. who is/are also member(s) of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited as my/our Proxy in my/our absence to attend and vote for me/us and on my/our behalf at the Annual General Meeting of the Bank to be held on 27 March 2025 and/or any adjournment thereof.

Signed this __________________day of___________ 2025.

**نمائندگی کا فارم (پراکسی فارم)**
**انیسواں سالانہ اجلاس**
**اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ**

میں/ہم - - - - - - - - - - - - - - - - - کا/کی - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - بحیثیت رکن اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ اور حامل - - - - - - - - - - - - عام حصص، - - - - - - - - - - - - - - - - کے/کی - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - کا یا ان کی غیرموجودگی میں - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - کے/کی - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - - جو اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ کے رکن ہیں، کو اپنی غیر حاضری میں بینک کے سالانہ اجلاس عام جو 27 مارچ 2025 کو منعقد ہونا ہے یا اس کے التواء کی صورت میں حاضری اور حق رائے دہی کے استعمال کے لئے اپنا نمائندہ (پراکسی) تقرر کرتا/کرتی ہوں۔

آج بروز - - - - - - - - - - - - بتاریخ - - - - - - - - - - - - - 2025 کو دستخط کئے گئے۔

Folio/ CDC No.
فولیو/سی ڈی سی

Signature
دستخط

Revenue Stamp

**WITNESSES***:*

1. *Signature:* ______________________________
   *Name:* ______________________________
   *CNIC/Passport No.:* ______________________________
   *Address:* ______________________________
   ______________________________

2. *Signature:* ______________________________
   *Name:* ______________________________
   *CNIC/Passport No.:* ______________________________
   *Address:* ______________________________
   ______________________________

**گواہ :**

1. دستخط: ______________________________
   نام: ______________________________
   سی این آئ سی/ پاسپورٹ نمبر: ______________________________
   پتہ: ______________________________
   ______________________________

2. دستخط: ______________________________
   نام: ______________________________
   سی این آئ سی/ پاسپورٹ نمبر: ______________________________
   پتہ: ______________________________
   ______________________________

**Note:**

1. The Proxy Form should be deposited at the registered office of the Bank, as soon as possible but not later than 48 hours before the time of holding the meeting, failing which, Proxy Form will not be treated as valid.
2. No person shall act as proxy unless he/she is a member of the Bank.

**نوٹ:**

1. نمائندگی کا فارم (پراکسی فارم) جلد از جلد بینک کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرائیں، سالانہ اجلاس عام کی ابتداء سے 48 گھنٹے پہلے تک موصول ہونے والے فارم موثر تصور کئے جائیں گے بعدازاں موصول ہونے والا کوئی بھی فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔
2. کسی بھی غیر رکن شخص کا تقرر بطور نمائندہ (پراکسی) نہیں کیا جا سکتا۔